مشرق پاکستان میں ویسل بلیونگ

مشرق پاکستان اپنے اعلیٰ اخلاقی اور کاروباری معیار کو برقرار رکھنے کے عزم پر ثابت قدم ہے۔ بینک اپنی بنیادی اقدار پر مبنی ایک ایسے ماحول کو فروغ دے رہا ہےجو غیر اخلاقی رویے کو روکنے اور کسی بھی پیش آنے والے معاملے کو فوری طور پر حل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

مشرق ویسل بلیونگ پالیسی اور پروگرام، مشرق کی سالمیت کو برقرار رکھنے کی جامع حکمتِ عملی کے ایک حصے کے طور پر ویسل بلیونگ پالیسی اور پروگرام کا مقصد ہے :

1. بد انتظامی کو روکنا اور معلوم کرنا
2. قانون اور قواعد کی پیروی یقینی بنانا
3. خدشات سے نمٹنے کے لیے ایک متبادل، محفوظ راستہ فراہم کرنا

مشرق ملازمین اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کی حوصلہ افزائی کرتا ہے تاکہ وہ ہماری معیاری رپورٹنگ یا اسکیلیشن چینلز کے ذریعے اپنے خدشات کا اظہارکریں۔ تاہم، ویسل بلیونگ پروگرام اُن افراد کے لیے ایک محفوظ اور رازدارانہ انتخاب ہے جو عمومی طریقۂ کار استعمال کرنے میں اطمینان محسوس نہیں کرتے۔ یہ پروگرام اُن افراد کو یقین دلاتا ہے کہ وہ انتقامی کارروائی یا نتائج (repercussions) کے خوف کے بغیر حقیقی خدشے کا اظہار کر سکتے ہیں۔ ہم شفافیت (transparency)،جواب دہی (accountability) اور اعتماد ، (trust) کے ماحول کو فروغ دینے کے لیے پُرعزم ہیں۔

کون خدشے/خطرے کا اظہار کرسکتا ہے؟

ایک ویسل بلور کوئی بھی ہو سکتا ہے جس کا مشرق کے ساتھ براہِ راست یا بلاواسطہ تعلق ہو، جن میں شامل ہیں لیکن محدود نہیں :

1. ڈائریکٹرز
2. ملازمین (سبسڈیریز سمیت)
3. سابقہ ملازمین
4. سپلائرز
5. کسٹمرز
6. کنٹریکٹرز
7. کنسلٹنٹس
8. انٹرنز/ٹرینیز
9. آڈیٹرز

شناخت اور گمنامی

ویسل بلورز کو اپنی شناخت فراہم کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے تاکہ مکمل تحقیق اور اس کی پیروی کو آسان بنایا جا سکے۔ جبکہ گمنام شکایات قبول کی جاتی ہیں، ذاتی تفصیلات چھپانا مشرق کی مؤثر تحقیق کرنے، وضاحت طلب کرنے فیڈبیک فراہم کرنے، یا ویسل بلور کو تحفظ دینے کی صلاحیت کو محدود کر سکتا ہے۔

راز داری اور تحفظ

مشرق تمام انکشافات کو انتہائی راز داری اور احتیاط سے وصول کرتا ہے۔ویسل بلور کی شناخت رازدار رہے گی جب تک :

1. منصفانہ تحقیق کے لیے انکشاف ضروری نہ ہو
2. قانون یا ریگولیٹری اداروں کی طرف سے انکشاف مطلوب نہ ہو

تمام کیسز کا جائزہ متعلقہ معاملے کی نوعیت کے آزاد ماہرین کی طرف سے لیا جائے گا۔ تحقیق کا دورانیہ ہر کیس کی تفصیلات کے مطابق مختلف ہوگا۔ فیڈبیک جہاں تک ممکن ہو اور عملی ہو، ویسل بلور کو فراہم کیا جائے گا۔

ڈیٹا کی راز داری

ویسل بلیونگ رپورٹ درج کرنے سے، افراد اپنے ڈیٹا کو تحقیق کے مقصد کے لیے کارروائی کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔ کوئی بھی ذاتی معلومات جو فراہم کی جائیں گی وہ مشرق کی ڈیٹا پرائیویسی پالیسی اور ویسل بلور پالیسی کے مطابق ہینڈل کی جائیں گی۔

خدشے /خطرہ سے متعلق کیسے آگاہ کیا جائے!

خطرے/خدشے کو درج ذیل چینلز کے ذریعے درج کروایا جا سکتا ہے :

1. فون : 021-326-502 پر Fraud Prevention Intelligence (FP & I) Officer سے بات کرنے کے لیے کال کریں۔ کالز دفتری اوقاتِ کار (پیر تا جمعہ، صبح 9:00 بجے سے شام 6:00 بجے تک) کی جا سکتی ہیں۔

2. ای میل whistleblowingpk@mashreq.com پر ای میل بھیجیں۔

مشرق پاکستان شفافیت، جواب دہی اور ایک ایسے ماحول کو فروغ دینے کے لیے پُرعزم ہے جہاں خدشے/خطرے کو ذمہ داری سے سامنے لایا اور حل کیا جا سکے۔